نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

پنجاب میں رواں ماہ کے دوران 16.5 ملین ایکڑ رقبہ گندم کے زیر کاشت لانے کے لئے تمام ذرائع اور وسائل بروئے کار لائے جائیں۔احمد عزیز تارڑ سیکرٹری زراعت پنجاب

لاہور 03 نومبر 2022:(   ) صوبہ پنجاب میں 16.5 ملین ایکڑ رقبہ گندم کے زیر کاشت لانے کے لئے تمام ذرائع اور وسائل بروئے کار لائے جائیں یہ ہدایات احمد عزیز تارڑ سیکرٹری زراعت پنجاب کی طرف سے شعبہ زراعت توسیع کے ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز کے آن لائن اجلاس میں جاری کی گئیں۔اجلاس میں سیکرٹری زراعت پنجاب نے گندم کی کاشت کی صورتحال کا جائزہ لیا گیا اور ڈویژن وضلع وار گندم کی کاشت سے متعلق بریفنگ دی گئی۔اجلاس میں بتایا گیا کہ پنجاب کے بارانی علاقوں میں 64 فیصد رقبے پر گندم کی کاشت مکمل ہو چکی ہے اور آبپاش علاقوں میں گندم کی کاشت کا عمل جاری ہے۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ بارانی علاقوں میں گندم کاشت کے ہدف کو جلد از جلد مکمل کیا جائے جبکہ آبپاش علاقوں میں کمیونٹی موبلائزیشن کے ذریعے گندم کی کاشت کے عمل کو تیز کیا جائے۔انھوں نے مزید کہا کہ دھان کے علاقوں میں گندم کی کاشت کے عمل کو مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے تاکہ صوبہ پنجاب میں زیادہ سے زیادہ رقبے پر گندم کی بروقت کاشت مکمل کی جاسکے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایت کی کہ محکمہ زراعت کا فیلڈ عملہ گندم کی بروقت کاشت کے قومی فریضہ کی تکمیل کے لئے ہر ممکن طریقہ سے کاشتکاروں کی مدد اور راہنمائی کرے۔انہوں نے زور دیا کہ کسانوں میں تحریک اور ترغیب کے ذریعے زیادہ سے زیادہ رقبہ پر گندم کی بروقت کاشت کو یقینی بنایا جائے تاکہ ملک میں فوڈ سیکیورٹی کی صورتحال اطمینان بخش رہے۔سیکرٹری زراعت نے کہا کہ سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے کاشتکاروں کو گندم کی منتخب اقسام کا بیج فری فراہم کیا جارہا ہے جبکہ دیگر علاقوں میں منتخب اقسام کے تصدیق شدہ بیج کے 90 لاکھ تھیلوں پر 1200 روپے فی بیگ اور جڑی بوٹی مار زہروں پر سبسڈی دی جارہی ہے۔اس کے علاوہ گندم کی بوائی سے قبل ہی امدادی قیمت میں 3000 روپے فی 40 کلوگرام تک اضافہ کردیا ہے تاکہ گندم کی کاشت کو کاشتکاروں کے لئے منافع بخش بنایا جاسکے سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ کاشتکاروں کو جدید پیداواری ٹیکنالوجی سے آگاہی کیلئے پورے صوبے میں "زیادہ گندم اُگاؤ" مہم کے تحت کسان کنونشن کا انعقاد کیا جارہا ہے جبکہ کاشتکاروں کی فنی راہنمائی کے لئے پرنٹ، الیکٹرانک اور ڈیجیٹل میڈیا کو بھی استعمال کیا جارہا ہے۔اس

کے علاوہ پنجابی، سرائیکی اور پوٹھوہاری زبانوں میں گندم کی پیداواری ٹیکنالوجی کے متعلق شارٹ ویڈیوز بھی سوشل میڈیا کے ذریعے کاشتکاروں تک پہنچائی جارہی ہیں۔سیکرٹری زراعت نے ہدایت کی کہ اس سال صوبہ، ڈویژن اور تحصیل کی سطح پر گندم کے پیداواری مقابلوں کا انعقاد کیا جائے اور ان مقابلوں میں کامیاب کاشتکاروں کی حوصلہ افزائی کیلئے انعامات بھی دیئے جائیں ۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع ڈاکٹر انجم علی، ڈائریکٹر جنرل کراپ رپورٹنگ عبدالقیوم، ڈائریکٹر زرعی اطلاعات محمد رفیق اختر نے شرکت کی جبکہ شعبہ زراعت توسیع کے تمام ڈائریکٹرز اور ڈپٹی ڈائریکٹرز آن لائن شریک ہوئے

☆☆☆☆